# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ گرلس سینئر سیکنڈری اسکول کے زیرش اسلم یادگار اعزاز سے سرفراز

New Delhi, August 19, 2025

ہندوستان کی اناسیویں یوم آزادی کے موقع پر پانچ دیگر پریرنا المنائی کے ساتھ ساتھ جامعہ گرلس سینئر سیکنڈری اسکول کے زیرش اسلم کو غیر معمولی اعزاز سے سرفراز ہوئے۔عزت مآب صدر جمہوریہ ہند عالی وقار محترمہ دروپدی مرمر کی جانب سے راشٹر پتی بھون میں گھر پر مدعو کیا گیا تھا۔

زیرش کا تعلق قدرتی مناظر کی خوبصورتی سے بھرپور جموں کشمیر کے ضلع شوپیاں سے ہے،انھوں نے ضلع کی سطح کے مقابلہ جاتی امتحان میں اول مقام حاصل کر کے اپنی تعلیمی قابلیت کا مظاہرہ کیا۔اس کامیابی سے موقر پریرنا پروگرام جو کہ تجرباتی آموزش کی مدد سے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی بصیرت پر مبنی ایک مہم ہے اس میں انتخاب کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔گجرات کے پریرنا کیمپس میں زیرش ہندوستان کی دس مختلف ریاستوں سے بیس انتہائی صلاحیت مند طلبہ کے متنوع گروپ میں شریک ہوئی ہیں جہاں وہ قائدین کی نئی ابھرتی نسل میں بنیادی افکار وتصورات پیدا کرنے اور انھیں تحریک دلانے کے مقصد سے تیار ہفتہ بھر کی انقلاب آفریں تربیتی پروگرام میں حصہ لیں گی۔

گجرات کے پریرنا ودنا گر کیمپس میں بیس متنوع لوگوں پر مشتمل گروپ میں شریک ہونے کے وقت زیرش اور گروپ کے دوسرے اراکین نے لوگوں کی گرم جوشی اورا ن کے والہانہ استقبال کو یاد کیا۔جب وہ معزز اور باوقار سامعین کی محفل میں داخل ہوئے تو وہ مندوبین،وزرا اور بیرونی سفرا سے گھری ہوئے تھے۔زیرش کو حیرت میں ڈالنے والی چیز احساس مساوات،عزت اور شمولیت کی روح تھی۔

پروگرام کے دوران زیرش کو عزت مآب صدر جمہوریہ ہند سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا جنھوں نے ان سے گرم جوشی کے ساتھ ملاقات کی اور ان کی تعلیم اور پریرنا میں ان کے تجربات کے متعلق استفسار کیا۔زیرش نے عزت مآب وزیر اعظم جناب نریندر مودی جی سے بھی بات چیت کی جنھوں نے مسکراہٹ سے ان کا خیر مقدم کیا اور ان کے مستقبل کے منصوبوں کے متعلق پوچھا۔

زیرش نے یاد کرتے ہوئے بتایا کہ ’’میرے رفقائے کار اور میں قومی ترانے کی نغمہ سرائی کے وقت ایک ساتھ کھڑے رہے

اور ایک ساتھ قومی ترانہ گایا۔'' یہ غیر معمولی تجربہ زیرش اور ان کے ساتھ انعام یافتگان کے لیے سرچشمہ تحریک وتشویق بنا جس سے مستقبل کے رہنماؤں کو صیقل کرنے اور وکست بھارت کے تصور میں تعاون دینے کے تیئں پر یرنا کے عہد کی توثیق مزید ہوتی ہے۔اس پروگرام نے ان کی زندگیوں پر غیر معمولی اثرات چھوڑے ہیں اور انھیں افضلیت کے لیے مسلسل کوشاں رہنے کی ترغیب دی ہے اور ان کی برادریوں میں بھی اس کا مثبت اثر اپڑا ہے۔

یونیورسٹی اور جامعہ کے اسکولوں نے اس عظیم الشان کامیابی اور اعتراف پر زیرش کو مبارک باد دی ہے اور اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ مستقبل میں بھی وہ اسکول اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کی نیک نامی کا سبب بنے گیں۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی،تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ